TAMIR E SIASAT
www.tameerurdudaily.com
दैनिक तामीर, बीड






# تندرستی ہزار نعمت ہے



یہ تندرستی یارو عین بادشاہی ہے، سچ پوچھیئے تو یہ فضل الٰہی ہے!
تنگ دستی اگر نہ ہو سالک، تندرستی ہزار نعمت ہے!

**محمد امین اللہ**

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کبھی شکم سیر ہو کر نہیں کھاو۔ کھانے کے دوران پانی نہ پیو۔ کھانے کے کچھ دیر بعد پانی پیا کرو۔ آپ نے فرمایا صبح کا ناشتہ بھرپور کرو۔ دوپہر کھانے کے بعد تھوڑی دیر قیلولہ کرلیا کرو۔ رات کا کھانا مغرب کے بعد کھایا کرو۔ رات کے کھانے کے بعد چہل قدمی ضرور کرو۔ عشاء کی نماز کے بعد سویا کرو۔ صبح صادق اٹھو اور نماز فجر کے بعد اپنے دن کی سرگرمیوں کا آغاز کرو۔ کم کھانا اور کم سونے میں راحت ہے۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے چھنے ہوئے آٹے کی روٹی کھانے سے منع فرمایا ہے۔ جو لوگ دن چڑھے سو کر اٹھتے ہیں ان کی صحت کی ضمانت نہیں دی جاسکتی۔ روزانہ ورزش کرنے سے صحت اچھی ہوتی ہے۔ تلی ہوئی روغنی اور مصالحہ دار خوراک صحت کے لئے مضر ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کتا یا بلی کھانے کے برتن میں منہ لگا دے تو اس کو آگ میں جلا کر تین مرتبہ صاف پانی سے صاف کرو۔ ایک مشہور واقع اخبارات کی زینت بنا تھا وہ یہ کہ ایک پاکستانی جاپان کے ایک بڑے دولت مند تاجر کے گھر خانساماں کی نوکری کرتا تھا ایک دن اس تاجر کے پالتو کتے نے اس کے سونے کے ایک برتن میں منہ لگا دیا تو اس خانسامے نے وہی عمل کیا جو اوپر کی حدیث میں بیان کیا ہے۔ تاجر بڑی غور سے اس کی اس حرکت کو دیکھ رہا تھا۔ ذرا ناراضگی سے پوچھا تو اس نے جواب دیا کہ میرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ ایسا کرنے سے جراثیم مرجاتے ہیں۔ تاجر یہ سن کر متاثر ہوا اسلام کا مطالعہ کرنے کے بعد ایمان لایا اور پاکستان منتقل ہونے کا فیصلہ کیا مگر ہائے سوئی قسمت کے لاہور آنے کے بعد جب وہ ایک گلی سے گزر رہا تھا اس نے دیکھا کہ ایک خاتون گھر سے نکلی اور اپنے گھر کا کچرا گلی میں پھینک دی یہ دیکھ کر اتنا دل برداشتہ ہوا کہ الٹے پاؤں یہ کہتے ہوئے واپس ہوا کہ جس نبی نے اپنی امت کو پاکیزگی کی اتنی تعلیم دی ہو وہ ایسی حرکتیں کر کے کس طرح صحت مند رہ سکتی ہے۔

تمام ترقی یافتہ ممالک صحت و صفائی کے لئے اپنے قومی بجٹ میں 5 تا 7 فیصد مختص کرتے ہیں اور یہ کام مقامی بلدیاتی حکومتوں کے توسط سے کیا جاتا ہے اس کے ساتھ قومی سطح پر عوام بھی اس میں بھرپور تعاون کرتی ہے اور بلدیاتی قوانین کی پابندی کی جاتی ہے یہی وجہ ہے کہ برصغیر ہند و پاک اور بنگلادیش کے مقابلے ان ملکوں میں گندگی سے پھیلنے والی بیماریوں کی شرح بہت کم ہے۔ صحت کو متاثر کرنے اور بیماریوں کی اصل وجہ آلودگی ہے۔ ہوا کی آلودگی صنعتوں سے نکلنے والی کیمائی گیس ہیں اور سیوریج کا ناقص نظام ہے۔ دریاؤں اور سمندروں میں کیمیائی فضلات ہیں جو نہ صرف پینے کے پانی کو مضر صحت بناتے ہیں بلکہ سمندری اور دیگر آبی حیات کو نقصان پہنچانے کا ذریعہ ہیں۔ شور کی آلودگی نے بہرے پن کی بیماری میں اضافہ کر دیا ہے۔ گندگی کی وجہ سے مچھروں کی بہتات ہے اور ہمارے ممالک میں سردی کے موسم میں بالخصوص چکن گونیا، ڈینگی اور ملیریا کی بیماریاں وبائی شکل اختیار کر لیتی ہیں۔ پاکستان کے صوبہ پنجاب کے تمام شہروں میں دھوندھ کی وجہ سے نزلہ، کھانسی اور پھیپھڑوں کی بیماریاں پھیل چکی ہیں۔ اسکول، کالج اور دفاتر مجبوراً بند کیئے گئے ہیں۔ لاہور، ملتان اور دہلی دنیا کے آلودہ ترین شہروں میں شمار کیئے جاتے ہیں۔ انسان کو لگنے والی بیماریوں کی اکثریت آلودہ پانی کا استعمال ہے اور برصغیر کے اکثریتی آبادی کو صاف پانی میسر نہیں۔ گاؤں اور دور دراز دیہاتوں میں تو آدمی اور جانور ایک ہی تالاب سے پانی پیتے ہیں بلکہ اس میں نہاتے بھی ہیں یہیں وجہ ہے کہ یرقان کے مریضوں کی تعداد بہت زیادہ ہوتی جارہی ہے۔ گو کہ گاؤں میں رہنے والے کھلی فضا میں رہتے ہیں اور سخت مشقتی ہونے کی وجہ سے شہری لوگوں کے مقابلے میں انکی صحت اچھی ہوتی ہے۔ لیکن زیادہ پیداوار حاصل کرنے کے لئے مصنوئی کھاد کے استعمال نے غذائی فصلوں کو مضر صحت بنادیا ہے۔ اور یوریا کھاد کے وافر مقدار میں استعمال سے گردے کے مریضوں میں دن بدن اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ شہر میں لوگ fast food کے عادی ہو چکے ہیں گھروں کے بجائے ہوٹل سے پکے ہوئے کھانے زیادہ استعمال کرتے ہیں جس سے معدے کی خرابیوں کی وجہ سے نظام انہضام کی خرابی پیدا ہوتی ہے اور مختلف بیماریاں لاحق ہو جاتی ہیں۔ شہری زندگی مصروف ترین ہو گئی ہے اور جرائم کی شرح بڑھنے کی وجہ سے لوگوں میں عدم تحفظ پیدا ہونے کی وجہ سے ذہنی تناؤ بڑھ گیا ہے جس کی وجہ سے دل کی بیماریاں اور ذیابیطس کی شرح بڑھ گئی ہے اب تو یہ بچوں کو بھی ہو رہی ہے۔ عالمی ذیابیطس جو ہر سال 14 نومبر کو منایا جاتا ہے اس سال اس کانفرنس کے شرکاء نے تمام ممالک کو ہوشیاری دی ہے کہ پوری دنیا میں یہ بیماری خوفناک حد تک بڑھ رہی ہے جس کی وجہ غیر فطری انداز میں شب روز گزارنے کے علاوہ فاسٹ فوڈ کا استعمال ہے۔ پاکستان میں تو سترہ فیصد لوگ اس بیماری میں مبتلا ہیں۔

جب ہم چرند و پرند پر نظر ڈالتے ہیں تو وہ فطرت کے عین مطابق اپنی زندگی گزارتے ہیں لہذا وہ اکثر بیماریوں سے محفوظ رہتے ہیں۔ تمام چرند و پرند صبح صادق بیدار ہوتے ہیں اور غروب آفتاب اپنے مسکن کو لوٹ جاتے ہیں۔ 2020 میں کرونا وائرس کی وبا نے پوری دنیا میں کہرام برپا کر دیا ترقی یافتہ ممالک ہوں یا ہندوستان پاکستان اور بنگلادیش ہر جگہ افراتفری پھیل گئی۔ تقریباً دو کروڑ لوگ موت کے گھاٹ اتر گئے۔ حکومتوں کے ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ حج عمرہ کی عبادات میں خلل واقع ہوگیا۔ پتہ یہ چلا کہ خود انسانوں کو یہ کیا دھرا تھا جنہوں نے اس وائرس کو سائنسی تجربہ گاہ میں تخلیق کیا اور لینے کے دینے پڑ گئے۔ لیکن یہ بات بھی مشاہدے میں آئی کہ مسلم ممالک اس سے کم متاثر ہوئے۔ تمام طبی ماہرین نے اس سے بچنے کا جو علاج تفویض کیا وہ یہ کہ آدمی پاک صاف رہے اور بار بار اپنے ہاتھ منہ صاف کرے جبکہ مسلمان تو دن میں پانچ وقتوں کی نمازوں کے لئے وضو کرتا ہے۔ ایک مسلمان سے یہ توقع نہیں کی جاسکتی ہے کہ وہ ناپاک رہتا ہے اگر وہ نماز نہیں بھی پڑھتا ہے پھر بھی ناپاک نہیں رہتا۔ ہندوستان میں تو ہندوؤں اس مرض میں مبتلا اپنے رشتے داروں سے بھی کنارہ کش ہوگئے تھے۔ مسلمانوں نے مرے ہوئے ہندوؤں کی ارتھیوں کو شمشان گھاٹ تک پہنچایا ہے۔

بہر حال صحت مند رہنے کے لئے سبزی اور پھلوں کا استعمال اور سادہ غذا ضروری ہے۔

آج دنیا بھر کے ممالک گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی کا رونا رو رہے ہیں اور بار بار معاہدات کے باوجود اس میں تجارتی مفادات کی خاطر کمی نہیں کر پاتے نتیجتاً اس کی وجہ سے اوزون کی وہ تہہ جس کو اللہ نے سورج کی بالائی بنفشی شعاعوں ultra Violet rays سے زمین پر آنے سے روکنے کے لئے قائم کیا ہے وہ انسان کی ہوس زر کی وجہ سے جگہ جگہ اس میں شگاف پڑ رہا ہے اور یہ شعاعیں زمین پر فطری زندگی کو نہ صرف متاثر کر رہی ہیں بلکہ بہت سے لا علاج بیماریوں کا سبب بھی بن رہی ہیں۔



نشہ وہ چیز ہے جو استعمال کرنے والے کی صحت، اس کا اخلاق اس کی معیشت اور اس کی معاشرتی اور ازدواجی زندگی کو برباد کر دیتا ہے۔ آج کے دور کے نوجوانوں کی بڑی تعداد شراب، سگریٹ، ہیروئن، آئس، چرس اور گانجے کی لت میں مبتلا ہے۔ ایک بڑی تعداد مہلک بیماریوں میں مبتلا ہو کر عبرت ناک انجام کو پہنچ جاتی ہے۔ گٹکے کی لت نے تو کینسر کے مریضوں میں اضافہ کر دیا ہے۔ اس کے مریضوں کا علاج کرنے سے تو ڈاکٹر بھی منع کر دیتے ہیں۔ نشے کا کاروبار عالمی سطح کے مافیاز کے ہاتھوں میں ہے اور بڑے پیمانے پر انسداد منشیات کے ادارے کے اہل کار اور پولیس و انتظامیہ ملوث ہیں۔ بڑے شہروں میں ہزاروں کی تعداد میں نشے کے عادی نحیف و لاغر نوجوان گندی جگہوں پر بے شد پڑے نظر آتے ہیں۔

سوشل میڈیا اور اس پر موجود اخلاق باختہ سائٹس نے تو نوجوانوں کو ذہنی طور پر بیمار کر دیا ہے اور اس میں ہر عمر کے مرد و عورت شامل ہیں۔ مرد وہ خوبصورت ہوتا ہے جس کے چہرے سے مردانگی ٹپکے اور عورت وہ خوبصورت ہوتی ہے جس کے چہرے سے حیا ٹپکے۔ مگر اس میڈیائی سحر نے یہ مردانگی اور نسوانیت دونوں چھین لیا ہے اور ایک بیمار نسل ہمارے سامنے ہمارے مستقبل کی تباہی کی نوید سنا رہی ہے۔


دور فاروقی کا زمانہ ہے مدینہ منورہ میں خوشحالی آگئی ہے یہ دیکھ کر مفتوحہ فارس کا ایک مشہور زمانہ طبیب مدینہ میں آکر اپنا مطب کھولتا ہے مگر مہینہ گذرنے کے بعد بھی کوئی مریض نہیں آیا۔ اس نے اہل مدینہ کے شب و روز کا، کھانے پینے اور سخت محنت کا جائزہ لیا تو یہ کہہ کر اپنا مطب بند کر دیا کہ اس طرح زندگی گزارنے سے بیمار ہونے کا امکان کم ہے۔ مثبت کھیل کود، مثلاً ورزش، کشتی، تیراکی گھڑسواری بھاگ دوڑ صحت کی ضمانت ہے آج چین، روس، امریکہ، آسٹریلیا، اور مغربی اقوام عالمی کھیلوں کے مقابلے میں صف اول میں ہیں اگر اکا دکا کوئی مڈل ہم جیت بھی جاتے ہیں تو پھولے نہیں سماتے۔ ایک زمانہ تھا حاکی میں ہمارا کوئی مقابل نہیں تھا اور آج ہم کسی کا مقابلہ کرنے سے قاصر ہیں۔ کشتی میں گاما پہلوان ان۔ اور ان کا خاندان چمپین تھے مگر یہ اب قصہ پارینہ ہوگیا۔

اللہ کے رسول صلی اللہ نے صحت کے وہ نسخہ کیمیاء بیان کیئے ہیں کہ آج بھی اس پر عمل کیا جائے تو ہمارا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا۔ طب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کتابی صورت میں ہمارے پاس موجود ہے جس میں معتدل اور صحت بخش غذاؤں کے استعمال کے ساتھ ساتھ ہر طرح کی بیماریوں کی شفا بخش ادویات کے نسخے بھی موجود ہیں۔ جس پر اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم من و عن عمل کر کے صحت مند اور طاقت میں بے مثال تھے۔

# پروسٹیٹ کینسر: خاموش علامات اور بروقت تشخیص کی اہمیت

**فہیم اختر۔لندن**
fahimakhteruk@yahoo.co.uk
www.fahimakhteruk.com

بیماری جب کسی جاندار کے جسم میں گھر بناتی ہے تو عموماً اس کی علامات کسی نہ کسی صورت میں ظاہر ہوتی ہیں، مگر بعض اوقات یہ علامات اس وقت سامنے آتی ہیں جب بیماری خاصی پھیل چکی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کئی بیماریاں، خصوصاً پروسٹیٹ کینسر، ابتدائی مرحلے میں خاموش رہتی ہیں اور جب تک علامات واضح ہوں، علاج مشکل ہو چکا ہوتا ہے۔ بیماریوں کے مطالعے کو پیتھالوجی کہا جاتا ہے، جس کے ذریعے بیماری کی وجوہات اور اس کے جسم میں پھیلاؤ کو سمجھا جاتا ہے۔ انسانی جسم عموماً خطرے کی گھنٹی بجاتا ہے، مگر لاعلمی یا لاپرواہی کے باعث ہم ان اشاروں کو نظرانداز کر دیتے ہیں۔ اگر ہمیں بیماریوں سے متعلق بنیادی آگاہی حاصل ہو تو ہم ابتدائی علامات کو پہچان کر بروقت احتیاط اور علاج کی طرف بڑھ سکتے ہیں۔ گزشتہ دنوں برطانیہ میں ایک معروف شخصیت کی پروسٹیٹ سے متعلق صحت کی خبر نے اس موضوع کو ایک بار پھر بحث کے مرکز میں لے آیا۔ اس واقعے کا مثبت پہلو یہ رہا کہ عوام میں پروسٹیٹ بیماریوں کے بارے میں جاننے کا رجحان بڑھا، اور بڑی تعداد میں لوگوں نے طبی معلومات حاصل کرنے اور ڈاکٹر سے رجوع کرنے میں دلچسپی ظاہر کی۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ جب صحت کے مسائل پر کھل کر بات کی جائے تو آگاہی میں اضافہ ہوتا ہے۔ تاہم پروسٹیٹ کے مسائل صرف معروف شخصیات تک محدود نہیں۔ دنیا بھر میں لاکھوں عام مرد اس بیماری کا شکار ہوتے ہیں، مگر شرم، خوف یا لاعلمی کے باعث بروقت علاج سے محروم رہتے ہیں۔ دیہی علاقوں اور ترقی پذیر ممالک میں یہ مسئلہ زیادہ سنگین ہے، جہاں طبی سہولیات محدود اور آگاہی ناکافی ہے۔ کئی افراد صرف اسی وقت ڈاکٹر کے پاس جاتے ہیں جب پیشاب میں شدید دشواری، درد یا خون آنے جیسی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ پروسٹیٹ ایک چھوٹا مگر نہایت اہم غدود ہے جو مردوں کے تولیدی نظام کا حصہ ہے اور مثانے کے نیچے واقع ہوتا ہے۔ پیشاب کی نالی اسی غدود کے درمیان سے گزرتی ہے۔ عمر کے ساتھ اس کا بڑھ جانا ایک عام بات ہے، جسے بینائن پروسٹیٹک ہائپرپلیشیا کہا جاتا ہے۔ اس کی وجہ سے بار بار پیشاب آنا، رات کو نیند سے اٹھنا، پیشاب کے بہاؤ میں کمزوری اور مثانے کے مکمل طور پر خالی نہ ہونے کا احساس پیدا ہوسکتا ہے۔ عام لوگوں میں اکثر یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے کہ پروسٹیٹ کے بڑھنے کا مطلب کینسر ہے، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ ہر بڑھا ہوا پروسٹیٹ کینسر نہیں ہوتا۔ مگر مسئلہ اس وقت پیدا ہوتا ہے جب کینسر اور سادہ بڑھوتری کی علامات ایک جیسی ہونے کے باعث مرض نظرانداز ہوجاتا ہے۔ پروسٹیٹ کینسر عموماً آہستہ بڑھتا ہے اور ابتدائی مرحلے میں کوئی خاص علامت ظاہر نہیں کرتا، اسی لیے باقاعدہ طبی جانچ بے حد ضروری ہے۔ پروسٹیٹ کینسر کا خطرہ عمر کے ساتھ بڑھتا ہے، خاص طور پر پچاس سال سے زائد عمر کے مردوں میں۔ جن افراد کے خاندان میں پہلے کسی کو یہ مرض لاحق ہو چکا ہو، ان میں خطرہ نسبتاً زیادہ ہوتا ہے۔




مختلف مطالعات یہ بھی بتاتے ہیں کہ طرزِ زندگی، غیر متوازن غذا اور جسمانی سرگرمی کی کمی بھی اس کے امکانات کو بڑھا سکتی ہے۔ تشخیص کے لیے پی ایس اے خون کا ٹیسٹ، جسمانی معائنہ اور بعض صورتوں میں بایوپسی کی جاتی ہے۔ اگر بیماری ابتدائی مرحلے میں پکڑی جائے تو علاج کے بہتر نتائج سامنے آتے ہیں۔ کئی مریض محض نگرانی یا معمولی علاج سے معمول کی زندگی گزار رہے ہیں۔ دوسرے مریضوں کے لیے سرجری، ریڈیوتھراپی یا ہارمون تھراپی مؤثر ثابت ہوتی ہے۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ بہت سے عام مرد، علامات کے باوجود، خاندان یا معاشرتی دباؤ کے باعث ڈاکٹر سے بات کرنے سے ہچکچاتے ہیں۔ یہی خاموشی اس بیماری کو مزید مہلک بنا دیتی ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ پروسٹیٹ کے مسائل پر کھلے دل سے بات کی جائے، جیسے شوگر یا بلڈ پریشر پر کی جاتی ہے۔ موومبر، جسے پہلے نومبر کے نام سے جانا جاتا تھا، وہ مہینہ ہے جب دنیا بھر کے مرد مونچھیں اگاتے ہیں، اور خواتین مردوں کی صحت کے لیے بیداری پیدا کرنے اور فنڈز جمع کرنے میں ان کی حمایت کرتی ہیں۔ اس مہم کا مقصد خاص طور پر پروسٹیٹ کینسر، خصیوں کے کینسر، ذہنی صحت اور خودکشی کی روک تھام کے شعبوں میں مردوں کی مدد کرنا ہے۔ موومبر کی شروعات 2003 میں میلبورن، آسٹریلیا میں چند دوستوں نے ایک پب میں بیئر پیتے ہوئے کی۔ اس کے بعد یہ ایک عالمی تحریک بن گئی، جس کے دوران مرد ایک مہینے کے لیے مونچھیں اگاتے ہیں اور دوستوں، خاندان اور ساتھیوں کو اس مہم کے لیے عطیات دینے کی ترغیب دیتے ہیں۔ نہ صرف مرد، بلکہ خواتین بھی اس مہم میں حصہ لے سکتی ہیں یا اسے میزبانی کر سکتی ہیں، تاکہ مرد خوش، صحت مند اور لمبی زندگی گزار سکیں۔ موومبر کے اہم مقاصد درج ذیل شعبوں میں سرمایہ کاری کرنا ہیں: پروسٹیٹ کینسر، خصیوں کا کینسر، ذہنی صحت اور خودکشی کی روک تھام۔ اس تحریک نے دنیا بھر میں پانچ ملین سے زیادہ حامیوں کو ایک ساتھ جوڑا ہے اور 20 سے زائد ممالک میں 200,1 سے زیادہ جدید مردوں کی صحت کے منصوبوں کو فنڈ فراہم کیا ہے۔ برطانیہ میں پروسٹیٹ کینسر پر تحقیق موومبر کی مہم کا بنیادی مرکز ہے۔ پچھلے دس سالوں میں، برطانیہ بھر کے موبروس اور موسیتاس نے اپنی کوششوں سے تحقیقی اقدامات میں نمایاں تعاون کیا اور مردوں کی خدمات میں سرمایہ کاری کو یقینی بنایا۔ اپنی بنیاد کے بعد سے، موومبر نے مردوں کی صحت کے مسائل کے لیے 400 ملین پاؤنڈ سے زیادہ جمع کیے ہیں، جن میں سے بیشتر تحقیق اور متعلقہ خدمات میں سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ یہ مہم نہ صرف مالی مدد فراہم کرتی ہے بلکہ مردوں کی صحت کے بارے میں شعور بڑھانے اور معاشرتی رویوں میں مثبت تبدیلی لانے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے آخر میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ پروسٹیٹ کینسر بروقت تشخیص کی صورت میں جان لیوا نہیں رہتا۔ اصل دشمن لاعلمی، خوف اور تاخیر ہے۔ مردوں کو چاہیے کہ وہ پچاس سال کی عمر کے بعد اپنی صحت کو نظرانداز نہ کریں اور کسی بھی غیر معمولی علامت پر فوری طور پر طبی مشورہ حاصل کریں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہم سب کو صحت عطا فرمائے اور بروقت شعور کی توفیق دے۔ آمین۔



## ہیومیڈیفائر سے خشک جلد کو بہتر کیسے بنائیں؟

سردیوں کا موسم آتے ہی ہوا میں نمی کم ہو جاتی ہے اور ان ڈور ہیٹنگ بڑھ جاتی ہے جس کی وجہ ہماری جلد میں پائی جانے والی نمی کم ہونے لگتی ہے۔

ہندوستان ٹائمز کے مطابق ایسی صورتحال میں جب موئسچرائزرز وقتی طور پر جلد میں نکھار پیدا کرتے ہیں اور ہمارے اردگرد کا ماحول خشک رہتا ہے تو اس سے نمٹنے کے لیے ہیومیڈیفائر کا استعمال نہایت مفید ہوجاتا ہے۔

کمروں کے اندر نمی کے تناسب کو برابر رکھتے ہوئے ہم اپنی جلد کو ہائیڈریٹڈ اور چمکتا ہوا رکھ سکتے ہیں۔

جلد کے خشک ہونے کی وجوہات کیا ہیں؟

جلد کے خشک ہونے کی وجوہات مندرجہ ذیل ہیں۔

ماحولیاتی عوامل

سردیوں میں عمومی طور پر ہوا میں نمی کم پائی جاتی ہے جس کا مطلب ہے کہ ہماری جلد کو موئسچر کی پوری مقدار نہیں ملتی۔ سردیوں میں روم ہیٹر چلانے کی وجہ سے کمروں میں مزید موئسچر کم ہوجاتا ہے جس کی وجہ سے جلد خشک ہوجاتی ہے۔

آلودگی

گرد، سموگ اور ہوا میں موجود مٹی کے چھوٹے ذرات نہ صرف ہمارے چہرے کو گندہ کرتے ہیں بلکہ جلد کی حفاظت کرنے والی جھلی کو بھی کمزور کرتے ہیں۔

خوراک

سردیوں میں کافی، نمکین سنیک اور میٹھی چیزیں زیادہ کھائی جاتی ہیں جو کے مزیدار ہوتی ہیں اور جسم میں پانی کی کمی بھی نہیں ہونے دیتیں تاہم کیفین کی وجہ سے ہمارے جسم میں پانی کم ہوجاتا ہے جبکہ ضرورت سے زیادہ چینی اور نمک ہماری جلد کو نقصان پہنچاتے ہیں۔

سردیوں میں پانی کم مقدار میں پینے سے بھی جلد خراب ہوتی ہے۔

لائف سٹائل کی عادات

نہایت سرد صبح کے وقت گرم پانی سے نہانے کا مزہ تو بہت آتا ہے لیکن اس سے ہماری جلد پر موجود قدرتی آئل کم ہوجاتا ہے جس سے جلد خشک ہوتی ہے اور پھر خارش ہوتی ہے۔ ایسے سکن کیئر پروڈکٹس جن میں الکوحل پایا جاتا ہے جیسے ٹونرز اور کلینسرز، ان کے استعمال سے بھی جلد خشک ہوتی ہے۔

ہیومیڈیفائرز کی مدد سے جلد کو کیسے بہتر رکھا جاسکتا ہے؟

نمی کے لیول برقرار رہتے ہیں

ہیومیڈیفائرز پانی کے بخارات کو خارج کرتے ہیں جن کی وجہ ہوا میں نمی کا تناسب برقرار رہتا ہے اور یوں گھر میں بھی نمی کا لیول معتدل رہتا ہے۔ سردیوں کے موسم میں ہیٹنگ سسٹم کی وجہ سے کمروں کے اندر ہوا بہت خشک ہو جاتی ہے جس سے جلد سے موئسچر ختم ہو جاتا ہے۔ ہیومیڈیفائرز کے استعمال سے جلد بہتر ہوتی ہے۔

آلودگی کم ہوتی ہے

خشک ہوا میں ایسے آلودہ ذرات اور الرجی پیدا کرنے والے عوامل پائے جاتے ہیں جس سے جلد خراب ہوتی ہے۔ جدید ہیومیڈیفائرز میں بلٹ ان فلٹر نصب ہوتے ہیں جن کی مدد سے ہوا میں موجود یہ ذرات ختم ہو جاتے ہیں۔ ہوا کو صاف ستھرا کرنے سے ہیومیڈیفائرز پولن اور گرد وغیرہ کو بھی کم کرتے ہیں جس کی وجہ سے جلد پر سوزش نہیں ہوتی اور دانے نہیں نکلتے۔

## ابوظبی فضائی ٹیکسی چلانے والا دنیا کا پہلا شہر بننے کے لیے تیار



ابوظبی نے 2025 کے آخر میں فضائی ٹیکسی کی سروس آپریٹ کرنے کا معاہدہ طے کر کے فضائی ٹیکسی چلانے والے دنیا کے پہلے شہر بننے پر نظریں جمالیں۔ امریکا کی مقامی کمپنی آرچر ایوی ایشن کے ساتھ ہونے والے معاہدے کے بعد متحدہ عرب امارات کے دارالحکومت میں الیکٹریکل-ورٹیکل-ٹیک آف-اینڈ-لینڈنگ (ای وی ٹی او ایل) ایئرکرافٹ بنائے بھی جائیں گے۔ اگر منصوبہ کامیاب ہوا تو آرچر کا مڈنائٹ کرافٹ چار سواریوں کے ساتھ شہر بھر میں بنائے گئے متعدد ورٹی پورٹس کے درمیان نقل و حرکت کرسکے گا اور سفر میں آنے والے دورانیے کو 80 فی صد تک کم کردے گا۔ کمپنی کے ترجمان کے مطابق مڈنائٹ کا حفاظتی پہلو کمرشل ایئرلائنز کے جیسا ہی ہے جبکہ یہ بلندیوں پر پرواز کرتے وقت یہ ہیلی کاپٹر کے مقابلے میں 100 گنا کم آواز کرتا ہے۔

## کیبورڈ پر موجود فضول ترین بٹن جو کام نہیں آتے

کیبورڈ پر انگریزی حروف، عدد اور علامتوں کے بٹنز کارآمد ہوتے ہیں لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ کئی بٹن ایسے بھی ہیں جنہیں فضول اور بیکار کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ درج ذیل 2 ایسے بٹن کے بارے میں بتایا جارہا ہے جو پورے کیبورڈ میں سب سے بیکار بٹنز ہیں؛ یہ بٹن آپ کے کی بورڈ کے اوپری دائیں جانب واقع ہے۔ اسکرول لاک فنکشن عام استعمال میں نہیں ہوتا۔ اور جب دبایا جائے بھی، تو بھی اس کے نتیجے میں آپ کو اپنی اسکرین پر کوئی واضح اثر نظر نہیں آئے گا۔ بس کبھی کبھی بٹن کو پروگرام کے کچھ افعال جیسے اسکرولنگ کی صلاحیتوں کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے جیسے مائیکروسافٹ ایکسل میں۔ ایکسل استعمال کرتے وقت ایرو کیز کو ایک سیل سے دوسرے سیل میں منتقل کرنے کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے جب کہ اسکرول لاک غیر فعال ہو۔ لیکن جب آن کردیا جائے تو پھر ایرو کیز سے ایکسل میں سیل نہیں بدل سکتے بلکہ اسکرین اسکرولنگ کیلئے استعمال ہوتا ہے جو عمومی طور پر ماؤس سے کی جاتی ہے۔ دوسرے الفاظ میں اسکرول لاک بٹن اس وقت تک بیکار ہے جب تک کہ ایکسل استعمال نہ کیا جائے۔ یہ بٹن بھی اسکرول لاک بٹن کے ساتھ ہی ہوتا ہے۔ یہ بٹن بھی شاید ہی کبھی کسی نے استعمال کیا ہو۔ انٹرنیٹ براؤز کرتے وقت یا ورڈ پر ٹائپ کرتے وقت زیادہ تر اسکرول لاک کی طرح ہی اس کا کوئی اثر دکھائی نہیں دیتا۔ بہت شاذ و نادر ہی پاز بریک بٹن کسی ایسے پروگرام کو روکتا ہے جو اوپن ہو۔ لیکن پھر بھی مائیکروسافٹ کا دعویٰ ہے کہ یہ بنیادی طور پر پرانے پروگراموں میں استعمال ہوتا تھا لیکن زیادہ جدید سافٹ ویئر کے ساتھ یہ زیادہ کارآمد نہیں ہے۔

## چائے کو صحت بخش خوراک کے طور پر باقاعدہ درج کرلیا گیا



امریکی طبی ادارے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن (ایف ڈی اے) نے حال ہی میں چائے کو ایک صحت بخش غذا کے طور پر تسلیم کرلیا ہے۔ رپورٹس کے مطابق یہ تاریخی فیصلہ عالمی سطح پر چائے کی صنعت کے دعووں کی تصدیق کرتا ہے کہ چائے صحت سے متعلق فوائد فراہم کرتی ہے۔ فیصلے میں خاص طور پر کہا گیا ہے کہ Camellia sinensis نامی پودے سے حاصل ہونے والی چائے ایک صحت بخش مشروب ہے۔ چائے کی پیداوار اور عالمی سطح پر اس کی مارکیٹنگ کرنے والے کئی اداروں نے اس فیصلے کا خیر مقدم کیا ہے۔ امریکا کی ٹی ایسوی ایشن کے صدر پیٹر ایف گوگی نے اس فیصلے کو عالمی چائے کی صنعت کے لیے ایک "شاندار خبر" قرار دیا جو کہ چائے کو بطور صحت بخش مشروب کے طور پر فروغ دے گا۔ مزید برآں اس سے مارکیٹ پر بھی مثبت اثر پڑے گا۔

